سوال

(16) قرآن پاک کو اعراب کس نے دیا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قرآن مجید میں اعراب کس نے دیا اور یہ حین حیات حضرت کے ہوا ہے یا بعد آپ کے یا آپ کے صحابہ رضوان اللہ عنھم اجمعین یا تابعین رحمۃ اللہ علیہ یا تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہ کے اور کس کے ارشاد سے اعراب دیا گیا اور کس نے اعراب دیا ان کے نام اور آباؤاجداد کے نام معہ حوالہ کتب جواب بالصواب سے سرفراز فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین اور تابعین رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں خلیل نحوی نے قرآن مجید میں زیر زبر لکھے اور عبدالملک بن مروان کے عہد میں اس کا رواج ہوا جیسا کہ اتقان وغیرہ سے ظاہر ہے اور خلیل بن احمد نحوی تابعی صدوق ثقہ ہیں ان کا اور عبدالملک بن مروان کا زمانہ ایک ہے اور اس زمانہ میں بہت سے صحابی موجود تھے۔ (سید محمد ابوالحسن) (سید محمد نذیر حسین)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نذیریہ

جلد: 2، کتاب الاذکار والدعوات والقراءۃ: صفحہ: 53

محدث فتویٰ